الجامعة البنورية العالمية

[illegible]

دار الإفتاء والقضاء

فیکس 2564586 فون 2560300-2560400 ویب سائٹ www.jamiabinoria.net ای میل darulifta@gmail.com

Name :	Muhammad Salman	Serial No :	20764
Address :	Gulistan-e-Joher, Karachi	Date :	10/24/2013
Subject :	QURBANI	Contact No:	
Writer	عطاء الرحمن حنیف	Email :	

MODE: Regular

Meray rishte daron mei kuch behn bhaion ne mil ker qurbani k lye 1 cow kharidi. Fee hissa 13000/- ka hua.
Magar 1 bhai Abdullah k paas 1 hisse ki bhi gunjaish nahi hui to doosray bhai AbudlRehman ne Abdullah kay 1/2 hissa k paise de dye aur Abdullah ko 1/2 hisse k barabar gosht de dia.

Question 1: Maloom ye kerna hai k kya is tarah se qurbani ho jati hai?

Question 2: Agar nahi to kya sub behn bhaio ki qurbani zaya ho gaee?

Question 3: Ya sirf Abdullah ki qurbani zaya hogi?

Barahe Mehrbani tafseel se jawab den, hum sub bohat pareshan hain.

میرے رشتہ داروں میں کچھ بہن بھائیوں نے مل کر قربانی کیلئے ایک گائے خریدی۔ فی حصہ 13000/ کا ہوا۔ مگر ایک بھائی عبداللہ کے پاس ایک حصہ کی بھی گنجائش نہیں ہوئی تو دوسرے بھائی عبدالرحمن نے عبداللہ کے ½ حصہ کے پیسے دے دیئے۔ اور عبداللہ کو ½ حصہ کے برابر گوشت دیدیا۔ کیا اس طرح سے قربانی ہوجاتی ہے؟ اگر نہیں تو کیا سب بہن بھائیوں کی قربانی ضائع ہوگئی؟ یا صرف عبداللہ کی قربانی ضائع ہوگئی؟

الجواب حامداً ومصلیاً

صحت قربانی کیلئے یہ ضروری ہے کہ کسی شریک کا حصہ ساتویں حصہ سے کم نہ ہو اس لیے مذکورہ دوسرے بھائی "عبدالرحمن" نے اگر "عبداللہ" کو پیسے ہبہ کرنے کی بجائے اپنا آدھا حصہ شامل کیا ہو اور "عبداللہ" آدھے حصہ میں شریک ہوا ہو تو اس صورت میں شرکاء میں کسی کی بھی قربانی درست نہیں ہوئی۔ ان پر دوبارہ قربانی لازم ہے۔ اور اگر ایام قربانی گزر گئے ہوں تو اپنے حصص کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے۔

في البزازية: اشترى بقرة لها ثم أشرك ستا جاز استحسانا ان أصاب كلا سبع تام وان أصاب أحدهم أقل من سبع لا يصح ....الخ (۲/۲۹۰)

واللہ أعلم بالصواب

عطاء الرحمن حنیف عفی عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۶/شعبان/۱۴۳۵ھ
20764
۱۴۳۵/۸/۱۹ھ
[illegible]
18/6/014

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۸/۸/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹ شعبان ۱۴۳۵ھ

نائب رئیس